© rasailojaraid.com

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کے تحت وہ تمام ہدایات بیان کر دی گئی ہیں جو اہلِ ایمان کی دُنیوی اور اُخروی زندگی کی کامیابی و کامرانی کے لیے ضروری تھیں۔ ایک ایک آیت پڑھ جایئے ہر ایک میں اسلامی تعلیمات کا نچوڑ ہے۔ ہم ہیں کہ بے شعوری کے عالم میں اسے پڑھ کر گزر جاتے ہیں، نہ غور و فکر کرتے ہیں، نہ تدبر۔
اللہ تعالیٰ نے اہلِ ایمان کو یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا کہ کے خطاب فرما کر جو ہدایات دی ہیں، ظاہر ہے وہ خصوصی ہدایات ہی ہوں گی تبھی تو بالاختصاص اہلِ ایمان کا نام لے کر خطاب فرمایا ہے۔ اس میں ذرہ برابر بھی شک نہیں کہ اہلِ ایمان کو، ایمان، تقویٰ اطاعت وعظمتِ رسولؐ، انفاق فی سبیل اللہ، صبر و استقامت، دعوت الی الحق، حسنِ معاملات، حسنِ معاشرت، احکام اور عام ہدایات دی گئی ہیں۔
آج مسلمان بھی مادہ پرستی و جاہ و منصب کے حصول کے مرض میں بُری طرح مبتلا ہو چکا ہے۔ بالخصوص نفاق کا مرض تو زندگی کے ہر شعبہ میں سرایت کر چکا ہے۔ لہٰذا ہر اہلِ ایمان کو اپنا جائزہ خود لینا چاہیے اور ان ہدایات کے آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھنا چاہیے۔ اپنے اندر پائی جانے والی بیماریوں سے نجات کی فکر کرنی چاہیے تاکہ وہ پکا اور سچا مومن بن سکے۔
اس لحاظ سے کتاب میں مناسب محنت سے مواد جمع کیا گیا ہے۔ محترمہ خالدہ تنویر صاحبہ مستحقِ مبارک باد ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی سعی کو شرفِ قبولیت بخشے۔ آمین۔

(ع - و)

---

**۱۰ دن میں عربی بول چال** | مؤلف: محمد بابر راشی۔ ناشر: اسلامک پبلیکیشنز۔ ۱۳-ای شاہ عالم مارکیٹ لاہور۔ ضخامت: ۱۴۰ صفحات۔ قیمت: ۱۹/۵۰ روپے

اس مختصر سی کتاب میں بڑی مفید معلومات جمع کر دی گئی ہیں۔ اسی بنا پر اسے عمدہ اور اچھی کتاب قرار دیا جا سکتا ہے ـــــ اس میں چھوٹے چھوٹے روزمرہ بولے جانے والے عام جملوں سے لے کر باہمی مکالموں تک کی عملی مشقیں جمع کر دی ہیں۔

© rasailojaraid.com